## پاکستان کی سلامتی واستحکام اور جمہوریت کی بقاء کیلئے صدر آصف زرداری کے خیالات انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔الطاف حسین

### آج محترمہ بینظیر بھٹوشہید کی دوسری برسی ہے، برسی کے اجتماع کا ماحول انتہائی سوگوار اور جذباتی تھا اور ایسے موقع پر پیپلزپارٹی کے رہنماؤں اور کارکنوں کا جذباتی ہونا قطعی فطری ہے

### صدرزرداری نے اپنی تقریر میں پاکستان کھپے کے جس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ وہ انتہائی خوش آئند ہے اور ایم کیوایم اس کا زبردست خیرمقدم کرتی ہے

### ایم کیوایم سمجھتی ہے کہ پاکستان میں جمہوریت کا جاری رہنا ہی ملک وقوم کے مفاد میں ہے

لندن۔۔۔27،دسمبر 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے محترمہ بے نظیر بھٹوشہید کی دوسری برسی کے موقع پر نوڈیرو میں منعقدہ جلسہ سے پیپلزپارٹی کے شریک چیئرپرسن اور صدرمملکت آصف علی زرداری کی تقریر پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی سلامتی واستحکام اور جمہوریت کی بقاء کیلئے صدر آصف زرداری کے خیالات انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ آج بے نظیر بھٹوشہید کی دوسری برسی ہے، پاکستان کے عوام خواہ ان کا تعلق پیپلزپارٹی سے ہو یا کسی اور جماعت سے ہو، ہرکسی نے محترمہ بے نظیر بھٹو کے بہیمانہ اور سفاکانہ قتل کی نہ صرف شدید الفاظ میں مذمت کی بلکہ اظہار افسوس بھی کیا تھا،خصوصی طور پر پیپلزپارٹی کے رہنماؤں اور کارکنوں کا بھٹوخاندان سے لگاؤ انتہائی جذباتی ہے۔ماضی میں پیپلزپارٹی کے بانی ذوالفقارعلی بھٹوکوشہید کردیا گیا،ان کے صاحبزادوں شاہنواز بھٹواور مرتضیٰ بھٹوکو شہید کردیا گیا اور پھر محترمہ بے نظیر بھٹوصاحبہ کو بھی شہید کردیا گیا اور آج محترمہ شہید کی دوسری برسی منائی جارہی ہے اور ایسے موقع پر پیپلزپارٹی کے رہنماؤں اور کارکنوں کا جذباتی ہونا قطعی فطری ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ جہاں تک صدرمملکت آصف علی زرداری کی تقریر کا تعلق ہے تو محترمہ بینظیر بھٹوشہید کی دوسری برسی کے اجتماع کا ماحول انتہائی سوگوار اور جذباتی تھا،تعزیتی اجتماع میں پیپلزپارٹی کے رہنماؤں اور کارکنوں کے علاوہ محترمہ کے صاحبزادے اور صاحبزادیاں بھی موجود تھیں،اس موقع پر صدرمملکت نے جمہوریت اور عام شہریوں کی بہتری کیلئے ذوالفقارعلی بھٹو،محترمہ بے نظیر بھٹواور پیپلزپارٹی کی قربانیوں کا تذکرہ کیا ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ صدر آصف زرداری نے جمہوریت کے خلاف سازشیں کرنے والے عناصر کومخاطب کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ پیپلزپارٹی تمام تر سازشوں کے باوجود جمہوریت کے فروغ اور پاکستان کی بقاء وسلامتی کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ صدر آصف علی زرداری نے اپنی تقریر میں پاکستان کھپے کے جس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ وہ انتہائی خوش آئند ہے اور ایم کیوایم اس کا زبردست خیرمقدم کرتی ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم جمہوریت پسند جماعت ہے،وہ ملک میں جمہوریت کو پھلتا پھولتا دیکھنا چاہتی ہے اور جمہوریت کے سفر کو جاری رکھنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہے گی۔ایم کیوایم سمجھتی ہے کہ پاکستان میں جمہوریت کا جاری رہنا ہی ملک وقوم کے مفاد میں ہے۔

## واقعہ کربلاحق اور سچ کی راہ میں بڑی سے بڑی قربانی دینے کا درس دیتا ہے،الطاف حسین

### عزم وہمت،ایثاروقربانی اور ثابت قدمی کی ایسی لازوال قربانی جورہتی دنیا تک قائم رہے گی،یومِ عاشور کے موقع پرخصوصی پیغام

لندن۔۔۔27،دسمبر 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ واقعہ کربلاحق اور سچ کی راہ میں بڑی سے بڑی قربانی دینے کا درس دیتا ہے اور یہ واقعہ حق پرستی کی جدوجہد کرنے والوں کیلئے قیامت تک مشعل راہ رہے گا،حق وباطل کے درمیان معرکہ آرائی ازل سے جاری ہے اور ابد تک جاری رہے گی جس میں فتح حق کی ہوگی۔یومِ عاشور کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ واقعہ کربلا ظالم وباطل قوتوں کے آگے کسی بھی قیمت پر سر نہ جھکانے اور حق وصداقت کی خاطر بڑی سے بڑی قربانی دینے کا درس دیتا ہے۔میدان کربلا میں حضرت امام حسینؓ ،ان کے رفقاء اور اہل بیت نے اسلام کی سربلندی اور حق وصداقت کی خاطر اپنا سر کٹانا گوارا کرلیا لیکن یزید کے ظلم اور باطل قوتوں کے آگے سر جھکانا قبول نہیں کیا اور حق کی راہ میں لازوال قربانیاں دیکر صبرواستقامت ،عزم وہمت ،ایثاروقربانی ،ثابت قدمی اور ظلم وجبر کے آگے ڈٹ جانے کی ایسی لازوال قربانیاں پیش کی ہیں جوتاقیامت حق پرستی کی جدوجہد کرنے والوں کیلئے مشعل راہ ہیں۔انہوں نے کہا کہ سیدالشہداء حضرت امام حسینؓ اور اہل بیت سے سچی محبت وعقیدت کا تقاضہ ہے کہ ان کی تعلیمات اور زریں اصولوں کی پیروی کی جائے اور باطل پرست قوتوں کے بجائے اہل حق کا ساتھ دیا جائے۔جناب الطاف حسین نے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام اور عوام سے اپیل کی کہ وہ یومِ عاشور کے موقع پر اپنے درمیان اتحاد وبھائی چارے اور یکجہتی کو برقرار رکھیں اور سازشی عناصر پر کڑی نظر رکھیں۔انہوں نے علمائے کرام سے بھی اپیل کی کہ وہ فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے کے سلسلے میں اپنا کردار ادا کریں۔

## آزاد کشمیر مظفر آباد اور کراچی میں قصبہ موڑ پر بم دھماکے پر ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کا اظہار مذمت، زخمیوں سے اظہار ہمدردی

## عوام کی جان ومال کے تحفظ اور ماتمی جلوسوں کی حفاظت کیلئے ٹھوس اور فول پروف اقدامات کئے جائیں۔الطاف حسین

## مظفر آباد بم دھماکہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے الطاف حسین کا اظہار تعزیت

## عوام مکمل طور پر پرامن رہیں، محرم الحرام کے موقع پر ماتمی جلوسوں، اپنے اپنے علاقوں اور بازاروں میں مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھیں اور قیام امن کے سلسلے میں پولیس وانتظامیہ سے مکمل تعاون کریں۔الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔27، دسمبر 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے آزاد کشمیر کے شہر مظفر آباد اور کراچی میں قصبہ موڑ پر بم دھماکے کی شدید مذمت کی ہے اوراسے ملک کے استحکام کے منافی قرار دیتے ہوئے دھماکوں کے نتیجے میں سرکاری اہلکاروں سمیت متعدد معصوم افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے والے پر دلی ہمدردی اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ محرم الحرام کے موقع پر دہشت گردوں کی جانب سے مظفر آباد اور کراچی میں بم دھماکے ملک کو عدم استحکام کی جانب سے دھکیلنے اور شہروں کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش کا حصہ ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک، حکومت سندھ اور آزاد کشمیر کی حکومت سے مطالبہ کیا کہ ملک میں قیام امن، عوام کی جان ومال کے تحفظ اور محرم الحرام کے سلسلے میں نکالے جانے والے ماتمی جلوسوں کی حفاظت کیلئے ٹھوس اور فول پروف اقدامات کئے جائیں۔جناب الطاف حسین نے مظفر آباد اور کراچی کے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ وہ ان واقعات پر مکمل طور پر پرامن رہیں، چوکس رہیں، محرم الحرام کے موقع پر ماتمی جلوسوں، اپنے اپنے علاقوں اور بازاروں میں مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھیں اور قیام امن کے سلسلے میں پولیس وانتظامیہ سے مکمل تعاون کریں۔جناب الطاف حسین نے قصبہ موڑ بم دھماکہ کے زخمیوں اور مظفر آباد دھماکہ میں جاں بحق ہونے والے معصوم شہریوں کے لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دھماکوں میں زخمی افراد کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی۔جناب الطاف حسین نے زخمیوں کیلئے خون کے عطیات کی بھی اپیل کی۔

## ایم کیوایم کے وفد نے پیپلز پارٹی کی شہید چیئرپرسن محترمہ بینظیر بھٹو کی دوسری برسی کے موقع پر گڑھی خدابخش میں ان کے مزار پر جاکر فاتحہ خوانی کی

نوڈیرو۔۔۔27، دسمبر 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے وفد نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر پیپلز پارٹی کی شہید چیئرپرسن محترمہ بینظیر بھٹو کی دوسری برسی کے موقع پر گڑھی خدابخش جاکر شہید رہنماء کے مزار پر حاضری دی، فاتحہ خوانی کی اور انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔ایم کیوایم کے وفد میں رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر رضا ہارون، صوبائی وزراء عبدالحسیب، زبیر احمد، وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر غلام حیدر راہو، تعلقہ ناظم سکھر نعیم صدیقی اور ایم کیوایم لاڑکانہ، قمبر شہداد کوٹ اور سکھر زون کے ذمہ داران کے علاوہ دیگر بھی شامل تھے۔اس سے قبل جب متحدہ قومی موومنٹ کا وفد گڑھی خدابخش پہنچا تو وہاں پیپلز پارٹی کے رہنماء اور سندھ کے وزیر بلدیات آغا سراج درانی نے ان کا خیر مقدم کیا اور بعدازاں وفد نے محترمہ بینظیر بھٹو شہید کے مزار پر جاکر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے پھولوں کی چادر چڑھائی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگوار صدر مملکت آصف علی زرداری، بلاول بھٹو زرداری، بختاور بھٹو زرداری، آصفہ بھٹو زرداری سمیت بھٹو خاندان کے تمام افراد، پیپلز پارٹی کے تمام رہنماؤں اور سوگوار کارکنوں کو صبر جمیل دے۔انہوں نے ملک کے استحکام اور امن وامان کیلئے بھی خصوصی دعائیں کیں۔

## قصبہ موڑ بم دھماکہ کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور منتخب حق پرست نمائندے جائے وقوعہ اور اسپتال پہنچ گئے

کراچی۔۔۔27، دسمبر 2009ء۔۔۔کراچی کے علاقے قصبہ موڑ پر بم دھماکے کی اطلاع ملتے ہی متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر صغیر احمد اور نیک محمد، حق پرست منتخب عوامی نمائندوں کے ہمراہ جائے وقوعہ، قطر اور عباسی شہید اسپتال پہنچ گئے اور دھماکے میں زخمی ہونے والے سرکاری اہلکاروں سمیت تمام زخمی افراد کی عیادت کی اور ان سے قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دھماکہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی۔اس موقع پر حق پرست رکن سندھ اسمبلی مظاہر حسین، ٹاؤن ناظمین عبدالحق، اسامہ قادری، ممتاز حمید، کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان اور ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے فرداً فرداً تمام زخمیوں کے پاس جاکر ان کی خیریت دریافت کی اور ان سے مکمل ہمدردی کا اظہار کیا۔انہوں نے ڈیوٹی پر مامور ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان کو ہدایت کی کہ وہ دھماکہ کے تمام زخمیوں کے علاج ومعالجے میں کسی بھی قسم کی کوئی کسر باقی نہ رکھیں۔انہوں نے دھماکہ کے تمام زخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## پاپوش نگر خلافت چوک بم دھماکہ شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش ہے، رابطہ کمیٹی کا اظہار مذمت

## عوام یوم عاشور کے موقع پر ہوشیار رہیں اور کسی بھی مشکوک چیز کی اطلاع پولیس وانتظامیہ کو دیں، رابطہ کمیٹی کی اپیل

کراچی ۔۔۔27، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی کے علاقے پاپوش نگر خلافت چوک پر بم دھماکہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور سندھ خصوصاً کراچی کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ یومِ عاشور کے موقع پر پوری طرح ہوشیار رہیں اور اپنی اپنی بساط کے مطابق حفاظتی انتظامات کریں اور کسی بھی مشکوک گاڑی ، پیکٹ یا فرد کو دیکھیں تو اس کی اطلاع فوری طور پر پولیس وانتظامیہ کو دیں۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ خلافت چوک پر جلوس کی گذرگاہ پر بم دھماکہ سے واضح ہوگیا ہے کہ بعض شر پسند عناصر سندھ خصوصاً شہر کراچی کا امن تباہ کرنے کیلئے دہشت گردی کی بڑی واردات کرنا چاہتے ہیں تا کہ شہر اور شہریوں کو آگ وخون میں نہلایا جاسکے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک اس وقت انتہائی نازک دور سے گذر رہا ہے جبکہ ملک بھر میں دہشت گردی واقعات میں بھی تیزی سے اضافہ ہورہا ہے جس کے دوران فوج، پولیس اور سیکورٹی ایجنسیوں کے ہلکاروں سمیت ہزاروں معصوم شہریوں کی زندگیاں ختم ہوجاچکی ہیں۔رابطہ کمیٹی نے شیعہ سنی عوام سے کہا کہ وہ یومِ عاشور کے موقع پر اپنے درمیان اتحاد و بھائی چارے اور یکجہتی کو برقرار رکھیں اور سازشی عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور کسی بھی مشکوک گاڑی ، پیکٹ یا فرد کو دیکھیں تو اس کی اطلاع فوری طور پر پولیس اور انتظامیہ کو دیں۔رابطہ کمیٹی نے خلافت چوک پر بم دھماکہ میں زخمی افراد سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا کی۔

☆☆☆☆☆